70110 ـ اسلام قبول كرنا چاہتى ہے ليكن قبلہ كى جہت كا علم نہيں

سوال

ميں اسلام قبول كرنے كى رغبت ركھتى ہوں، ميرا اعتقاد ہے كہ اللہ ہى عظيم ہے، اور اسلام ہى دين حق ہے، ميں نے اتنى عربى سيكھ لى ہے جس سے نماز كى ادائيگى ہو سكتى ہے، ليكن مجھے نماز ادا كرنے كے ليے صحيح رخ كا علم نہيں، ميرى گزارش ہے كہ آپ ميرے شہر ساوتھ ويلز ميں قبلہ كا رخ بتانے ميں ميرى مدد كريں ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

اول:

ہم آپ كو صحيح اعتقاد تك پہنچنے، اور دين حق كى معرف حاصل كرنے پر مباركباد ديتے ہيں، اور ہمارى اللہ تعالى سے دعا ہے كہ وہ آپ كى مدد فرمائے اور آپ كو توفيق سے نوازے، اور آپ كے ايمان اور دنيا و آخرت ميں اطمنان و سعادت ميں اضافہ كرے.

آپ كو اس عظيم دين ميں داخل ہونے كے ليے حق كى گواہى دينى چاہيے، اور وہ گواہى كلمہ طيبہ لا الہ الا اللہ محمدا رسول اللہ ہے، يعنى اللہ تعالى كے علاوہ كوئى معبود برحق نہيں اور محمد صلى اللہ عليہ وسلم اللہ تعالى كے رسول ہيں، تا كہ آپ بھى اللہ تعالى كے ہاں كامياب و سعادت مند افراد ميں لكھى جائيں.

فرض كريں آپ كو قبلہ كے رخ كا علم نہيں بھى تو پھر بھى آپ دين حق قبول كرتے ہوئے مسلمان ہو جائيں، اور اس ميں ايك لحظہ اور سيكنڈ بھى تاخير مت كريں، اور بعد ميں آپ مكہ كى جہت كا پوچھ ليں، يہى قبلہ كا رخ ہے، ان شاء اللہ يہ كام تو بہت ہى آسان سا ہے، بلكہ اگر فرض كيا جائے كہ آپ كو قبلہ كا رخ نہيں بھى معلوم ہوتا تو آپ اسے معلوم كرنے كى جدوجھد كريں اور اپنے خيال اور ظن كے مطابق جہت متعين كر كے اس رخ كى طرف نماز ادا كر ليں، تو آپ كى نماز صحيح ہو گى اور آپ پر كچھ گناہ نہيں.

آپ اپنے قريب ترين اسلامك سينٹر ميں رابطہ كريں، وہ اسلامى تعلميات سيكھنے ميں آپ كى معاونت كرينگے، اور ان شاء اللہ آپ كو ضرورى كتب وغيرہ بھى مہيا كرينگے.

دوم:

قبلہ رخ کی تحدید آپ کمپاس یا گھڑی یا کمپاس اور قطب نما آلہ استعمال کر سکتی ہیں، یا پھر نقشہ بھی استعمال ہو سکتا ہے.

دنیا کا نقشہ دیکھ معلوم ہوتا ہے کہ برطانیہ میں رہنے والوں کے لیے قبلہ کی جہت جنوب مشرقی سائڈ بنتی ہے، اس لیے آپ مشرق اور جنوب والی جہت کی تحدید کر لیں، تو ان دونوں کے مابین آپ کا قبلہ ہو گا، اور دور بسنے والےافراد کرے لیے تھوڑی سے غلطی معاف ہے.

واللہ اعلم .